حیسکو پریس ریلیز مورخہ :19.10.2026

نئے گرڈ اسٹیشنز ،اضافی پاور ٹرانسفارمرز اور ڈبل سورس 500 کے وی سسٹم کی ضرورت ہے، بجلی کی بہتر فراہمی ہمارا مقصد ہے، بجلی کی ترسیل کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے نئے گرڈ اسٹیشنز اور نئے 11 کے وی فیڈرز قائم کرنا ضروری ہے۔ این جی سی کے جامشورو گرڈ اسٹیشن پر اضافی پاور ٹرانسفارمرز نصب کیے جائیں، جبکہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے ڈبل سورس 500 کے وی سسٹم کی اشد ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ نواب شاہ میں 500 کے وی گرڈ اسٹیشن قائم کیا جائے۔ اس کے لیے میں نیشنل گرید کمپنی ہے این جی سی کہ ذمہ داران سے بات کروں گا اور اس کے علاوہ جامشوروں میں 500 کے وی گریٹ اسٹیشن پہ بھی اضافی پاور ٹرانسفر لگانے کے لیے میں ایم ڈی اور ذمہ داران سے بات کروں گا تا کہ حیدرآباد، سانگھڑ اور میر پور خاص میں کہیں پر بھی فورس لورشیڈنگ نہ ہو، ٹیاری کے 630 کے وی اے سی/ڈی سی گرڈ اسٹیشن سے حیدرآباد میں ہونے والی فورس لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں، تا کہ گھریلو، کاروباری، صنعتی اور زرعی صارفین کو بجلی کی بہتر اور مستحکم فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ عوام کو بہتر بجلی فراہم کرنا بنیادی مقصد ہے۔ اس سلسلے میں حیسکو انتظامیہ بجلی کی ترسیل اور فراہمی میں بہتری کے لیے اقدامات کر رہی ہے اور اب تک 79 عدد 11 کے وی فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے آزاد کیا جاچکا ہے، جو صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے

رکن قومی اسمبلی اور ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق رکن قومی اسمبلی اور ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی سید وسیم حسین نے حیسکو کانفرنس ہال میں اجلاس کے دوران بجلی کی ترسیل کے نظام، فورس لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد میں فورس لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور گھریلو، کاروباری، صنعتی اور زرعی صارفین کو بجلی کی بہتر اور مستحکم فراہمی یقینی بنانے کے لیے نئے گرڈ اسٹیشنز ،اضافی پاور ٹرانسفارمرز اور ڈبل سورس 500 کے وی سسٹم کی ضرورت ہے، بجلی کی بہتر فراہمی ہمارا مقصد ہے، بجلی کی ترسیل کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے نئے گرڈ اسٹیشنز اور نئے 11 کے وی فیڈرز قائم کرنا ضروری ہے۔ این جی سی کے جامشورو گرڈ اسٹیشن پر اضافی پاور ٹرانسفارمرز نصب کیے جائیں، جبکہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے ڈبل سورس 500 کے وی سسٹم کی اشد ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ نواب شاہ میں 500 کے وی گرڈ اسٹیشن قائم کیا جائے۔ اس کے لیے میں نیشنل گرید کمپنی ہے این جی سی کہ ذمہ داران سے بات کروں گا اور اس کے علاوہ جامشوروں میں 500 کے وی گریٹ اسٹیشن پہ بھی اضافی پاور ٹرانسفر لگانے کے لیے میں ایم ڈی اور ذمہ داران سے بات کروں گا تا کہ حیدرآباد، سانگھڑ اور میر پور خاص میں کہیں پر بھی فورس لورشیڈنگ نہ ہو، ٹیاری کے 630 کے وی اے سی/ڈی سی گرڈ اسٹیشن سے حیدرآباد میں ہونے والی فورس لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں، تا کہ گھریلو، کاروباری، صنعتی اور زرعی صارفین کو بجلی کی بہتر اور مستحکم فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ عوام کو بہتر بجلی فراہم کرنا بنیادی مقصد ہے۔ اس سلسلے میں حیسکو انتظامیہ بجلی کی ترسیل اور فراہمی میں بہتری کے لیے اقدامات کر رہی ہے اور اب تک 79 عدد 11 کے وی فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے آزاد کیا جاچکا ہے، جو صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، اس سلسلے کو مزید آگے بڑھانے کے لیے بجلی چوری کی روک تھام، لائن لاسز میں کمی، بلوں کی بروقت ادائیگی اور صارفین و حیسکو انتظامیہ کے درمیان باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ حیسکو انتظامیہ صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے، بجلی کی فراہمی میں بہتری لانے اور انہیں ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ حیسکو کے 79 عدد 11 کے وی جنرل فیڈرز کو زیرو لوڈشیڈنگ پر منتقل کرنا ایک اہم کامیابی ہے، جس سے متعلقہ علاقوں کے صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی میں سہولت حاصل ہو رہی ہے۔ یہ کامیابی حیسکو افسران، انجینئرز، فیلڈ اسٹاف اور دیگر متعلقہ ٹیموں کی مشترکہ محنت کا نتیجہ ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے مزید کہا کہ حیسکو انتظامیہ کی اولین ترجیح صارفین کو بجلی کی بہتر اور قابلِ اعتماد فراہمی یقینی بنانا، ان کے مسائل حل کرنا اور ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا ہے۔ صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کھلی کچہری کے نظام کو مؤثر بنایا جارہا ہے، جبکہ تمام شکایات مروجہ قوانین اور ضوابط کے مطابق حل کرنے کے لیے متعلقہ افسران کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، تا کہ عوام کو بروقت ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ زیرو لوڈشیڈنگ کی سہولت کو برقرار رکھنے اور مزید علاقوں تک وسعت دینے کے لیے بجلی چوری کی روک تھام، لائن لاسز میں کمی، بجلی کے بلوں کی بروقت وصولی اور بجلی کے نظام میں موجود نقائص دور کرنا انتہائی ضروری ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے حیسکو افسران اور عملہ اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، جبکہ صارفین بھی بجلی کے غیر قانونی استعمال سے اجتناب اور بلوں کی بروقت ادائیگی کے ذریعے ادارے سے تعاون کریں۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے واضح کیا کہ عوام اور حیسکو انتظامیہ کے باہمی تعاون سے نہ صرف بجلی کی فراہمی میں بہتری آئے گی بلکہ زیرو لوڈشیڈنگ کے منصوبے کو مزید کامیابی سے آگے بڑھانے میں بھی مدد ملے گی۔ حیسکو انتظامیہ صارفین کے جائز مسائل کے حل، بجلی کی فراہمی میں بہتری اور عوامی اعتماد کو مضبوط بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ انہوں نے صارفین سے اپیل کی کہ بجلی سے متعلق شکایات کے اندراج اور رہنمائی کے لیے حیسکو کی 118 ہیلپ لائن سے رابطہ کریں اور بجلی کے نظام کو بہتر بنانے میں ادارے کا ساتھ دیں۔ اجلاس میں بجلی کی ترسیل کے نظام کو مزید مستحکم بنانے، زیرو لوڈشیڈنگ کے دائرہ کار کو وسعت دینے اور صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے باہمی تعاون اور مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا، میٹنگ کے دوران حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ اسد اللہ عامر پیرزادہ، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد I محمد زوہیب شیروانی، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد II ارشد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد ظفر علی سولنگی، ایکسین آپریشن ڈویژن پھلیلی منیر احمد پنھور، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اچانڈیو اور ڈپٹی ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کبر بھی موجود تھے۔